کلنا پکچرز کا پیش کردہ

मन्जिल

منزل

اداکاران

نوتن ۔ دیو آنند ۔ کے این سنگھ

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)

گانا نمبر ۱ منزل کے گانے

لڑکا:۔ دِل تو ہے دیوانہ نہ مانے گا بہانا نہ، رُک جانا

لڑکی:۔ دِل کی باتوں میں نہ آنا، دیوانہ تو دیوانہ

لڑکا:۔ رُکتی ہیں کہاں دِل کی انگڑائیاں
جھوم جا مِل کے گلے

لڑکی:۔ ذرا دیر سُنو من کی شہنائیاں
پگلے کوئی سُن نہ لے

لڑکا:۔ رُکتی ہیں کہاں ——

لڑکی:۔ پگلے کوئی سُن نہ لے ——

لڑکا:۔ کرے گا کوئی کیا میری جاں کہو ہاں

لڑکی:۔ چُپ ۔ لڑکا:۔ تو چُپ ۔ دِل تو ہے ——

لڑکی:۔ او دِل کی باتوں ——
ڈرتی ہوں کوئی طوفاں نہ اُٹھے کہیں
شور کروں یا چُپ رہوں

لڑکا:۔ ہم تو ٹھہرے ناداں، تم تو نہیں
خود سمجھ لو کیا کہوں

لڑکی:۔ ڈرتی ہوں کوئی طوفاں ——

لڑکا:۔ خود سمجھ لو کیا کہوں ——

لڑکی:۔ تم ہو بڑے وہ ——

لڑکا:- میری جاں کہو ہاں

لڑکی:- چپ، تو چپ، دل تو ———

اوے دل کی بانوں ———

گانا نمبر ۱

اب کیسے پتہ کل ہو گیا

دل ہی دیا تو چاہے جو ہو سو ہو - اب کیسے ———

مدت سے لجید لیے بیٹھے دلوں کے دوار کھلے تھے

مستی سی چھا چکی تھی، جیسے نیند آ چکی تھی

آنکھ جو کھلی تو دیکھا، وہ چکی تھی ———

اب کوئی چلے کوئی جلے دل ہی دیا - اب کیسے ———

آخر کل ہو فہ پا کے، جھومے یہ گیت گا کے

نیناں جب سے لڑے ہیں نشے میں ہم پڑے ہیں

آنکھ جو کھلی تو دیکھا بابا کھڑے ہے

اب رونا پڑے گانا پڑے

دل ہی دیا تو چاہے جو ہو سو ہو - اب کیسے ———

گانا نمبر ۲

لڑکی:- چھپکے سے ملے پیا سے کچھ ہم کچھ تم

کیا ہو جو گھٹا کھل کے برسے رم جھم رم جھم

لڑکا:- چھپکے سے ملے ———

لڑکی:- جھکتی ہوئی آنکھوں میں ہیں بے چین سے ارماں کئی

رکتی ہوئی سانسوں میں ہیں خاموش سے طوفاں کئی

لڑکا:- جھکتی ہوئی ———

لڑکا:۔ مدھیم ۔ لڑکی:۔ مدھیم

لڑکا:۔ مدھیم سُروں میں ۔ مجھ سے ملے ______

لڑکی:۔ کچھ ہم ۔ لڑکا:۔ کچھ تم ______

لڑکا:۔ ٹھنڈی ہوا کا ۔ لڑکی:۔ شور ہے

لڑکا:۔ یا پیار کا ۔ لڑکی:۔ سنگیت ہے

"۔ جیون تیری ۔ لڑکی:۔ ایک ساز ہے

"۔ دھڑکن میری ۔ لڑکی:۔ ایک گیت ہے

لڑکی:۔ ٹھنڈی ہوا کا شور ہے یا پیار کا سنگیت ہے

لڑکا: جیون تیری ایک ساز ہے

دھڑکن میری ایک گیت ہے

لڑکا:۔ مدھیم ۔ لڑکی:۔ مدھیم

دونوں:۔ مجھ سے ملے کیا ، ہو جو ______

لڑکا:۔ کچھ ،

لڑکی:۔ ہم کچھ ، ۔ لڑکا:۔ کچھ تم

لڑکی:۔ کچھ تم ۔ لڑکا:۔ تم کچھ

[illegible]:۔ لڑکی:۔ چاند اور میں اور تو

لڑکا:۔ اے کاش چلتے مل کے بے بن راہی دل کے

چاند اور میں اور تو

دونوں:۔ اے کاش چلتے ______

لڑکی:۔ ہو... چلا چلا مراس کا جادو

لڑکا:۔ ہوں... ہوں...

لڑکی:۔ کوئی نہ ہو ہر سو اُڑتی ہو خوشبو
ہو... چلا چلا ہر اس کا جادو
لڑکا:۔ ہوں... ہوں...
لڑکی:۔ تم ہو ہم ہوں کم سے کم ہوں فاصلے دِل کے
لڑکا:۔ اے کاش چلتے ——
لڑکی:۔ چاند اور زمیں اور تو ——
اے کاش چلتے ملتے ——
لڑکا:۔ ہو نظر پہ ہو نہ دِل پہ قابو
لڑکی:۔ ہاں... ہاں...
لڑکا:۔ کوئی نہ ہو ہر سو اُڑتی ہو خوشبو
لڑکی:۔ ہاں... ہاں...
لڑکا:۔ ہو نظر پہ ہو نہ دِل پہ قابو
چلتے چلتے جا نکلتے پاس منزل کے
لڑکی:۔ اے کاش... لڑکا:۔ یہ بن راہی دِل کے
دونوں:۔ چاند اور زمیں اور تو
نمبر ۵:۔ ہم دم سے گئے ہم دم سے گئے
ہمدم کی قسم، ہمدم نہ مِلا۔ ہم دم سے...
پھر بھی کیسے جا تو اپنا افسانہ
ساتھی مِل جاؤ گے گانا نہ ترک جانا۔ پھر بھی..
او دِل تیری کلی ابھی تو نہیں کھلی
ابھی وہ موسم نہ مِلا۔ دم سے گئے ——

اے دِل چمکا تو اپنے داغوں کو
روشن کئے جا بجھے چراغوں کو ۔ اے دِل....
تو گائے جا میری جاں، یہ دُنیا ہے یہاں
کسی کو مرہم نہ مِلا ۔ دم سے گئے ——

موتی نہ مِلے تو اشک بھرنا ہے
دامن بھرنا تیری تمنا ہے ۔ موتی نہ مِلے —
تو پیارے تجھے اگر خوشی نہیں ملی
تو غم کچھ کم نہ مِلا ۔ دم سے گئے ——

گانا نمبر ۶

غیر کا ساتھ ہے اور روز ملاقات ہے
پیار ہے اُن کے لئے اور ہم سے فقط باتیں ہیں
ارے مٹھو کاہے کو جھوٹی بناؤ بتیاں
مٹھو کاہے کو ——
یہ اُڑی اُڑی سی رنگت یہ کھلے کھلے سے گیسو
تیری صبح کہہ رہی ہے، تیری رات کا فسانہ
دیکھو جی کسی کا پیار ہم سے نہ چھپاؤ
سب ہمیں پتہ ہے پیارے نین نہ جھکاؤ
سُنو کہتی ہے کیا کیا تمہاری انکھیاں
مٹھو کاہے کو جھوٹی —

گانا نمبر ۷

یاد آگئیں وہ نشیلی نگاہیں

یار دو تھام لینا تھام لینا میری بانہیں
یاد آ گئیں ——

جام کب ہم نے پیا ہے یہ غم دل کا نشہ ہے
کیا جیا تو گِر کے سنبھلنا آ میرے سنگ سنگ چلنا
یار دو تھام لینا ——

ہے انہیں آنکھوں کی نشانی یہ میری زخمی جوانی
میں ان زخموں کو سی کے کیا کروں ہوش میں جی کے
یار دو تھام لینا ——

ختم شد